سوال

(485) مقتدی کو امام کے پیچھے فاتحہ کس طرح پڑھنی چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی کو امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنی ہوتی ہے ۔ لیکن بعض مقتدی امام کی قرأت کے ساتھ ساتھ پڑھتے ہیں، کیا مقتدیوں کو امام کے ساتھ ساتھ سورہ فاتحہ پڑھنی چاہیے یا امام کو چاہیے کہ ہر آیت پر وقفہ کرے تاکہ مقتدی اس وقت میں پیچھے تلاوت کر لیں یا پھر مقتدی امام کے ساتھ ہی سورۃ فاتحہ پڑھتا چلا جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہم شئ یہ ہے، کہ مقتدی کو امام کی اقتداء میں سورۃ الفاتحہ پڑھنی ضروری ہے ۔ شکل جونسی اختیار کر لی جائے درست ہے ۔ ملاحظہ ہو سنن ابوداؤد۔ سنن ابی داود، بابُ مَن تَرَکَ القِرَاءَةَ فِي صَلَاتِهِ بِفَاتِحَةِ الکِتَابِ، رقم: ۸۲۵

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :416

محدث فتویٰ